اپولو آرٹس کا پیش کردہ

ادا کاران

مینا کماری

منظر، چندرا ممنز

قیمت ۱ر

زین اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے کنارے کنارے کے

نمبر ۱

چھلیا تیری باتوں میں
میں بھرما گئی رے
پیا تن کی رات نویلی
جب میں سمجھی پریت پہیلی
لاج موری موہے کھا گئی رے
چھلیا تیری —

ایک دن مالی نے کہا اے خوبرو
اسکا پتھر کا جگر جس پہ مر بیٹھی ہے تو
سن کے بلبل نے کہا
جیتے جی مرنے کی ہے دنیا میں کس کو آرزو
میں تو بھولی بھالی تھی یوں ہی چھل کھا گئی رے
چھلیا تیری —

گانا نمبر ۲

قدموں میں شمع کے پروانے
کبھی ہنستے ہیں کبھی روتے ہیں
دامن سے لپٹ کر دیوانے
کبھی ہنستے —

بے خودی کا انداز لیے
آنکھوں میں شوخ و ناز لیے
کچھ نغموں کی پرواز لیے
کچھ سوز لیے کچھ ساز لیے
وہ سن کر عشق کے افسانے
کبھی ہنستے ——

قدموں پہ جھکتے ہیں پیمانے
ہونٹوں پہ تڑپتے افسانے
نظروں میں بلا کے ویرانے
مقتل کو چلے یوں دیوانے
انجام سے ہو کر بیگانے
کبھی ہنستے ——

جذبات کی مستی ڈوب گئی
اشکوں میں ہستی ڈوب گئی
جو دل کی بستی ڈوب گئی
ساحل پہ کشتی ڈوب گئی
دیوانے مگر ہیں دیوانے
کبھی ہنستے ——

گانا نمبر ۳

دیکھ لی تیری خدائی بس میرا دل بھر گیا
تیری رحمت چپ رہی میں روتے روتے مر گیا

میرے مالک کیا کہوں تری دعاؤں کا فریب
تجھ پہ یوں چھایا کہ مجھ کو گھر سے بے گھر کر گیا
دیکھ لی تیری ——

جو بہاریں جھومتی تھی ناچتی تھی بدلیاں
میری قسمت یاد آتے ہی
میرا جی ڈر گیا
دیکھ لی تیری ——

گانا نمبر ۴

سلگ اٹھی دل کی لگی جلتے ہیں پروانے
روتی ہیں تقدیریں ہنستے ہیں افسانے
شمع بھی اک آندھی بھی آس دل پر چھائی ہے
اپنوں کا ڈگر اجڑی ہی
کیا ڈرتے ہیں بیگانے
سلگ اٹھی ——

شمع بھی ہے جذبے بھی دل بھی ہے مستی بھی
آ بھی جا تیری راہ تکتے ہیں ویرانے
سلگ اٹھی ——

گانا نمبر ۵

ہر سانس اشک بار ہے
ہر سانس بے قرار ہے
تیرے بغیر زندگی اجڑی ہوئی بہار ہے

ہر سانس ——

میں جانتی ہوں بیوفا تو لوٹ کر آئیگا
پھر بھی نہ جانے کیوں
مجھے تیرا ہی انتظار ہے
ہر سانس ——

کس کو سناؤں میں گلہ ہے بیکسی کی انتہا
نہ تجھے یہ اختیار ہے نہ دل پہ اختیار ہے
ہر سانس ——

گانا نمبر ۲:

بابا کا آنچل لے چلے کا یا کا ابھیمان
جو آیا ہے وہ جائیگا ہونی ہے بلوان
او لیگلے دیر نہ ہوگی پل چھن کی
کہ جس دن جل جل ہوگی
او لیگلے ——

جس جگ پر پھر مایا موہ کھیل دو پل کا ڈیرا
یہ دنیا کب ہوئی کسی کی چڑیاں رین بسیرا
یاد تو کر اُس دن کی کہ جس دن چل ——
او لیگلے ——

ٹوٹے گی جب سانس کی ڈوری
بکھر جائیں گے بیٹے
تجھے اٹھا شمشان چلیں گے تجھ میں اپنے

ڈھول اٹھے گی جیون کی کہ جب دن...
او پگلے —

گانا نمبر ـــ

چلے جا رہے ہیں محبت کے مارے
کنارے کنارے کنارے کنارے
نا ساحل کی پرواہ نا طوفاں کا ڈر ہے
نا ظلموں کا شکوہ نہ غم کا اثر ہے
امیدوں کے بل پر دلوں کے سہارے
چلے جا رہے ہیں —
تمنا یہی ہے کہ لہروں سے کھیلیں
نصیبوں کی گردش کو ہنس ہنس کے جھیلیں
امنگوں کی راہ میں بچھا کر ستارے
چلے جا رہے ہیں —

عملیات تعویزات کی لاجواب کتابیں

عملیات تسخیر عالم	3/-/-	چین بنگال کا جادو	-/12/-
عملیات تسخیر محبوب	1/4/-	کامروپ کا جادو	-/12/-
عملیات قلوب	2/-/-	رہنمائے جادوگری	1/4/-
مکمل جادوگری	2/8/-	نقش سلیمانی	1/-/-
عملیات لبنی کمرن	2/-/-	کالا جادو	4/-/-
اندرجال	1/8/-	اُلو تنتر	3/-/-
اُستاد جادوگراں	3/-/-	کوا تنتر	4/-/-
جادو مسمریزم	2/-/-	نقش روحانی	-/12/-
تعویذ سلیمانی	1/-/-	کنز الحسین	2/-/-

اسلامی لٹریچر کی کتابیں

ارکان الدین	2/-/-	قیامت نامہ	-/8/-
قصص الانبیاء	3/-/-	بہشتی زیور اول حصہ	-/12/-
ہزار مسئلہ	-/12/-	بہشتی زیور مکمل	8/-/-
صبح کا ستارہ	-/12/-	فسانہ آدم	-/8/-
شہید کربلا	-/8/-	ضرورت المسلمین	-/6/-
قصہ حضرت ایوب	-/8/-	صبر فاطمہ	-/8/-
معراج رسول	-/8/-	نماز کا پھل	-/3/-

زینت اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

[illegible]